TORONTO PUBLIC LIBRARY
37131 078 660 990
GE Gerrard/Ashdale

English–Urdu



مینڈک مینڈک ہے

Frog is Frog

Max Velthuijs





Frog is Frog / English–Urdu

Milet Publishing Limited
PO Box 9916
London W14 OGS
England
Email: info@milet.com
Website: www.milet.com

First English–Urdu dual language edition published by
Milet Publishing Limited in 2000
First English edition published in 1996 by Andersen Press Ltd

ISBN 1 84059 214 1

Copyright © 1996 by Max Velthuijs
English translation by Megan Larkin. Translation copyright © 1996 for Andersen Press

The rights of Max Velthuijs to be identified as the author and illustrator of this work have been asserted by him in accordance with the Copyright, Design and Patents Act, 1988.

This book is sold subject to the condition that it shall not, by way of trade or otherwise, be lent, resold, hired out, or otherwise circulated without the publisher's prior consent in any form or binding other than that in which it is published and without a similar condition, including this condition, being imposed upon it by the subsequent purchaser.

Typeset by Typesetters Ltd
Printed and bound in Italy

Max Velthuijs



مینڈک مینڈک ہے

Frog is Frog

Urdu translation by Gulshan Iqbal

MILET


Digitized by the Internet Archive
in 2022 with funding from
Kahle/Austin Foundation

https://archive.org/details/frogisfrog0000velt




''مَیں کِتنا خُوش قِسمت ہُوں،'' مینڈک نے اپنے عکس کو پانی میں دیکھتے ہُوئے کہا۔ ''مَیں خُوبصورت ہُوں اور مَیں ہر کسی سے اچھا تیر سکتا ہُوں اور اُچھل کُود سکتا ہُوں۔ میرا رنگ سبز ہے اور سبز میرا پسندیدہ رنگ ہے۔ مینڈک ہونا دُنیا کی بہت بڑی بات ہے۔''

"How lucky I am," said Frog, admiring his reflection in the water. "I am beautiful and I can swim and jump better than anyone. I am green, and green is my favourite colour. Being a frog is the best thing in the world."




''میرے مُتعلق آپ کا کیا خیال ہے؟'' بطخ نے پُوچھا۔ ''مَیں ساری سفید ہُوں۔ کیا آپ نہیں جانتے کہ مَیں بھی خُوبصورت ہُوں؟''
''نہیں،'' مینڈک نے کہا۔ ''آپ پر کہیں بھی سبز رنگ نہیں ہے۔''
''لیکن مَیں اُڑ سکتی ہُوں،'' بطخ نے کہا، ''اور آپ نہیں۔''

"What about me then?" asked Duck. "I am all white. Don't you think I am beautiful too?"
"No," said Frog. "There's no green on you at all."
"But I can fly," said Duck, "and you can't."



''اوہ، ہاں؟'' مینڈک نے کہا۔ ''مَیں نے کبھی آپ کو اُڑتے نہیں دیکھا۔''
''مَیں ذرا سُست ہُوں،'' بطخ نے کہا، ''لیکن مَیں اُڑ سکتی ہُوں۔ دیکھو۔'' اُس نے دوڑ لگائی اور پَروں کو زور و شور سے پھڑپھڑایا۔

"Oh, yes?" said Frog. "I've never seen you fly."
"I'm a bit lazy," said Duck, "but I can fly. Watch." She took a run up and flapped her wings noisily.



تب، اچانک بطخ زمین سے بلند ہُوئی اور خُوبصورتی سے ہوا میں اُڑنے لگی۔
اُس نے کُچھ چکر لگائے اور پِھر مینڈک کے سامنے زمین پر واپس آگئی۔
''بہت خُوب!'' مینڈک تعریف کرتے ہُوئے چلایا۔ ''مَیں بھی اُڑنا چاہتا ہُوں۔''
''آپ نہیں اُڑ سکتے،'' بطخ نے کہا۔ ''آپ کے پَر نہیں ہیں۔'' اور وہ ہنسی خُوشی گھر واپس چلی گئی۔

Then, suddenly Duck rose from the ground and flew gracefully into the air. She flew round a few times and then landed on the grass in front of Frog.
"Fantastic!" cried Frog, full of admiration. "I want to fly too."
"You can't," said Duck. "You haven't got any wings." And she went home feeling happy.



جب مینڈک بالکل اکیلا تھا تو پھِر اُس نے اُڑنے کی کوشش کی۔ اُس نے ایک لمبا چکر لگایا اور اپنے بازوؤں کو اُونچے نِیچے پھڑپھڑایا۔
لیکن جتنی بھی اُس نے کوشش کی، مگر زمین پر سے نہ اُڑ سکا۔

When Frog was alone again he started to practise flying. He took a long run up and flapped his arms wildly up and down. But no matter how hard he tried, he couldn't get off the ground.



مینڈک مایُوس ہو گیا۔

''مَیں ایک بے کار مینڈک ہُوں،'' اُس نے سوچا۔ ''مَیں اُڑ نہیں سکتا۔ اگر میرے پَر ہوتے۔''

تب مینڈک کو ایک اچھا خیال آیا۔ بطخ جو کُچھ کر سکتی ہے، وہ مَیں بھی کر سکتا ہُوں۔

Frog was disappointed.
"I am a useless frog," he thought. "I can't even fly. If only I had wings."
Then Frog had a clever idea. Whatever Duck could do, he could do too.



اُس نے ایک ہفتے تک پُرانے کپڑے اور رسی سے سخت محنت کی۔ آخر کار، وہ اپنی پہلی اُڑان کے لئے تیار ہو گیا۔

For a week Frog worked hard with an old sheet and some string. At last, he was ready for his first test flight.



وہ دریا کے کنارے پہاڑیوں پر چلا گیا۔ اُس نے ایک چکر لگایا، جیسے کہ بطخ نے کیا تھا۔

He went to the hill by the river. He took a good run up, just as he had seen Duck do.



تب وہ ہوا میں بازو پھیلاتے ہُوئے اُڑنے لگا۔

Then he leapt into the air with outstretched arms.



اُس نے چند سیکنڈ تک ہوا میں اصلی پرندے کی طرح چکر لگائے۔ لیکن پِھر اُس کے پَر ٹُوٹ گئے اور وہ پتھر کی طرح گِر پڑا۔
وہ ایک زور دار آواز کے ساتھ دریا میں گِر گیا۔ کم از کم وہ ایک نرم چیز پر گِرا تھا۔

He hovered in the air for a few seconds, like a real bird. But then the wings ripped and he dropped like a stone. He fell in the river with a splash. At least it was a soft landing.



چُوہے نے مینڈک کو پانی سے ٹکراتے ہُوئے دیکھا۔

''آپ کو علم ہونا چاہیئے کہ مینڈک اُڑ نہیں سکتا،'' اُس نے کہا۔ ''کیا آپ اُڑ سکتے ہیں؟'' مینڈک نے پُوچھا۔

''نہیں بالکل نہیں،'' چُوہے نے کہا، ''میرے پَر نہیں ہیں، لیکن مَیں اچھی چیزیں بنا لیتا ہُوں۔''

Rat saw Frog stumble out of the water.
"You must know that frogs cannot fly," he said.
"Can you fly?" asked Frog.
"Of course not," said Rat, "I have no wings, but I'm good at making things."



مینڈک نے گھر واپس آتے ہُوئے سوچا۔ وہ پیٹ سے بھی یہ بات پُوچھے گا۔
جُونہی مینڈک پہنچا تو پیٹ اون سے کیک باہر نکال رہا تھا۔
''پیٹ کیا آپ اُڑ سکتے ہیں؟'' مینڈک نے پُوچھا۔
''یقیناً نہیں،'' پیٹ نے کہا۔ ''غالباً مَیں ہوا میں بیمار ہو جاؤں گا۔''

Frog thought about this on his way home. He would ask Pete as well.
Pete was taking a cake out of the oven as Frog arrived.
"Pete, can you fly?" asked Frog.
"Certainly not," said Pete. "I would probably get airsick."



''تو پِھر آپ کیا کر سکتے ہیں؟'' مینڈک نے پُوچھا۔
''ہر قِسم کا کام،'' پیٹ نے غُصے سے جواب دیا۔ ''مَیں دُنیا کے بہترین کیک بنا سکتا ہُوں۔ اور مَیں خُوبصورت ہُوں۔
مَیں سارا گُلابی ہُوں، اور گلابی میرا پسندیدہ رنگ ہے۔''
مینڈک کو ماننا پڑا کہ یہ بات سچ ہے۔

"What can you do then?" asked Frog.
"All sorts of things," replied Pete, indignantly. "I can make the best cakes in the world. And I am beautiful. I am pink all over, and pink is my favourite colour."
Frog had to admit that this was true.



’’مَیں شرط لگاتا ہُوں کہ مَیں بھی کیک بنا سکتا ہُوں،‘‘ گھر واپس آتے ہُوئے مینڈک نے سوچا۔
اُس نے پیالے میں ہر ایک چیز ڈالی اور اُسے ہلانا شروع کیا، جیسے کہ اُس نے پیٹ کو کرتے ہُوئے دیکھا تھا۔

“I bet I can make a cake too,” thought Frog when he was back at home.
He threw everything he could find into a bowl and began to stir, just has he had seen Pete do.



پِھر اُس نے ہر ایک چیز پین میں ڈالی اور چُولھے پر رکھ دیا۔
''اَب آپ دیکھو،'' مینڈک نے سوچا۔ ''میرا کیک بہت مزیدار ہو گا۔''
لیکن تھوڑی دیر کے بعد، پین میں سے دُھواں اُٹھنا شروع ہو گیا اور اس کی بہت زیادہ بدبُو تھی۔ سارا کیک جل چکا تھا۔
''مَیں کیک بھی نہیں بنا سکتا،'' مینڈک نے غمگین ہو کر سوچا۔

Then he threw everything into a pan and put it on the stove.
"There, you see," thought Frog. "My cake will be delicious."
But after a while, smoke began to pour from the pan and it smelt awful. The cake was completely burned. "I can't even bake a cake," thought Frog, sadly.



وہ خرگوش کو مِلنے گیا۔ ''خرگوش، کیا مَیں آپ سے کتاب اُدھار لے سکتا ہُوں؟'' مینڈک نے پُوچھا۔
''کیا آپ پڑھ لیتے ہیں؟'' خرگوش نے حیران ہو کر پُوچھا۔
''نہیں،'' مینڈک نے کہا۔ ''شاید آپ مُجھے پڑھنا سکھا سکتے ہیں۔''

He went to visit Hare.
"Hare, may I borrow a book from you?" asked Frog.
"Can you read?" asked Hare, surprised.
"No," said Frog. "Perhaps you could tell me how."



''دیکھو،'' خرگوش نے کہا۔ ''یہ 'او' ہے اور یہ 'اے' اور یہ 'کے' ہے اور یہ۔۔۔''
''ٹھیک ہے، مَیں سمجھ گیا ہُوں،'' مینڈک نے بے صبری سے کہا اور کتاب بغل میں دبائے گھر چلا گیا۔

"Look," said Hare. "This is an 'o' and this is an 'a' and this is a 'k' and this . . . "
"Okay, I get it," said Frog, impatiently and he ran home with the book under his arm.



وہ آرام سے بیٹھ گیا اور کتاب کو کھولا۔ لیکن صفحوں پر بہت کُچھ لِکھا ہُوا تھا۔ مینڈک کو ایک لفظ بھی سمجھ نہ آیا۔ ایک گھنٹے تک اُسے کوئی سمجھ نہ آئی۔ ''مَیں یہ کبھی نہیں پڑھ سکوں گا!'' مینڈک نے کہا۔ ''یہ میرے لئے بہت مُشکل ہے۔ مَیں ایک بے وقوف احمق مینڈک ہُوں۔''

He made himself comfortable and opened the book. But the pages were full of strange scribblings. Frog couldn't understand a word. An hour later, he was none the wiser. "I'll never read this!" said Frog. "It's much too difficult for me. I'm just an ordinary, stupid frog."



مایُوس ہوتے ہُوئے مینڈک نے خرگوش کو کتاب واپس کر دی۔ ''اچھا؟ کیا آپ کو مزہ آیا؟'' خرگوش نے پُوچھا۔
مینڈک نے افسوس کے ساتھ سر ہِلایا۔ ''نہیں مَیں نہیں پڑھ سکتا، مَیں کیک بھی نہیں بنا سکتا، مَیں کوئی چیز بھی نہیں بنا سکتا اور مَیں اُڑ بھی نہیں سکتا۔ آپ سب مُجھ سے ہوشیار ہو۔ مَیں کُچھ بھی نہیں کر سکتا۔ مَیں ایک غیر معمولی سبز رنگ کا مینڈک ہُوں۔'' اُس نے شرمندگی سے کہا۔

Sadly, Frog returned the book to Hare. “Well?” asked Hare. “Did you enjoy it?” Frog shook his head sorrowfully. “I can’t read,” he said. “I can’t bake a cake, I can’t make things and I can’t fly. You are all much cleverer than me. I can’t do anything. I’m just an ordinary green frog,” he sobbed.



''لیکن مینڈک،'' خرگوش نے کہا، ''مَیں بھی نہیں اُڑ سکتا، اور کیک بھی نہیں بنا سکتا، اور چیزیں بھی نہیں۔ مَیں آپ کی طرح تیر بھی نہیں سکتا ۔۔۔ کیونکہ مَیں خرگوش ہُوں، اور آپ مینڈک ہو اور ہم سب آپ سے پیار کرتے ہیں۔''

"But Frog," said Hare, "I can't fly either, and I can't bake cakes or make things. I can't swim and leap like you do . . . because I am a hare. And you are a frog, and we all love you."



گہری سوچ میں ڈُوبا ہُوا مینڈک دریا کی طرف گیا اور اپنا عکس پانی میں دیکھا۔
''یہ مَیں ہُوں،'' اُس نے سوچا۔ ''ایک سبز رنگ کا مینڈک دھاری دار تیرنے والے کپڑوں کے ساتھ۔''


Deep in thought, Frog went to the river and looked at this reflection in the water. "That is me," he thought. "A green frog with stripy swimming trunks."



اچانک، مینڈک بہت خُوش ہُوا۔ ''خرگوش بالکل ٹھیک کہتا ہے،'' اُس نے سوچا۔ ''مَیں خُوش قِسمت ہُوں کہ مینڈک ہُوں۔''
اور وہ خُوشی سے اُچھل پڑا — اُس نے ایک لمبی مینڈکوں کی طرح چھلانگ لگائی۔ اور اُسے یُوں لگا جیسے کہ وہ اُڑ رہا ہو۔

Suddenly, Frog felt very happy. "Hare is right," he thought. "I am lucky to be a frog." And he leapt for joy – a big frog leap, as only frogs can do. He felt as if he was flying.





TORONTO PUBLIC LIBRARY
TINA



Poor frog. He wants to be like his friends, but his attempts to copy them all end in disaster. Eventually, Frog learns that his friends love him for being himself – an ordinary green frog.

Max Velthuijs is a prize-winning artist, whose books approach important topics with gentle humour.

Milet dual language titles featuring Frog and his friends: *Frog is Frog, Frog is a Hero, Frog and the Stranger, Frog and the Wide World.*

T2-BSC-248

ISBN 1-840
9 781840 592146

£7.99

MILET